# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

## (شعبۂ اُردو)

### وارننگ

عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کرلیں کہ:

1 - اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور طالب علم کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ اپنے سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔

-2 کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی ''مواد کی چوری'' **Plagiarism** پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

## مشقیں بھیجنے کا شیڈول

| 6 کریڈٹ آورز کورس | مقررہ تاریخ | 3 کریڈٹ آورز کورس | مقررہ تاریخ |
|---|---|---|---|
| مشق نمبر 1 | 15-12-2025 | ...... | ...... |
| مشق نمبر 2 | 08-01-2026 | مشق نمبر 1 | 08-01-2026 |
| مشق نمبر 3 | 30-01-2026 | ...... | ...... |
| مشق نمبر 4 | 20-02-2026 | مشق نمبر 2 | 20-02-2026 |
| نوٹ: ٹیوٹوریل شیڈول (رہنمائے طلبہ) علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کی ویب سائٹ www.aiou.edu.pk پر موجود ہے۔ | | | |

کورس: کورس: اردو لازمی۔ بک ون (363) سمسٹر: خزاں، 2025ء

سطح: انٹرمیڈیٹ

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔ (ہدایات برائے طلبا میٹرک، ایف اے اور بی اے پروگرامز)

-1 تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ ہر سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

-2 سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔

-3 مقررہ تاریخ کے بعد/ تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپنے متعلقہ ٹیوٹر کو بھیجنے کی صورت میں تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہوگی۔

-4 آپ کے تجزیاتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

-5 غیر متعلقہ بحث/ معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

## امتحانی مشق نمبر 1

کل نمبر 100 — کامیابی کے نمبر 40

سوال 1۔ مندرجہ ذیل سوالوں کے نصاب کے مطابق مختصر جواب دیجیے: (4x5=20)

I۔ مضمون ''غلامی: ایک لعنت'' کا خلاصہ لکھیں۔

II۔ ڈاکٹر سید عبداللہ مضمون ''ادب میں جذبے کا مقام'' میں کیا بتانا چاہ رہے ہیں؟

III۔ ڈاکٹر عبادت بریلوی نے تہذیبی روایات سے کیا مراد لی ہے؟

IV ۔ صلاح الدین درویش کا مضمون ''خاندانی منصوبہ بندی اور اس کا شعور'' کس قومی مسئلے کو اجاگر کرتا ہے؟

V۔ نظریۂ پاکستان سے کیا مراد ہے؟

سوال 2۔ ناول کے فنی خدوخال بتائیں، نیز رتن ناتھ سرشار اور خدیجہ مستور کے حالات زندگی اور ادبی مقام پر نوٹ لکھیں۔ (20)

سوال 3۔ خواجہ معین الدین کی ڈراما نگاری پر تفصیلی نوٹ لکھیں۔ (20)

سوال 4۔ سفرنامہ کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟ نیز ابنِ انشا کے سفرناموں کی خصوصیات بیان کریں۔ (20)

سوال 5۔ غالب اور اقبال کی مکتوب نگاری کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟ تفصیل سے جواب تحریر کریں۔ (20)

## امتحانی مشق نمبر 2

کل نمبر 100 — کامیابی کے نمبر 40

سوال 1۔ میاں محمد کی سیف الملوک کے فنی اوصاف اور موضوعاتی وسعت بیان کریں۔ نیز نصاب میں شامل سیف الموک کے اشعار کا تجزیہ بھی تحریر کریں۔ (20)

سوال 2۔ محسن کاکوروی کی نعت کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟ نصاب میں شامل نعت کی تشریح تحریر کریں۔ (20)

سوال 3۔ میر تقی میر کی فنی عظمت کیا ہے؟ نیز مندرجہ ذیل اشعار کی تفصیلی تشریح کریں: (20)

نالہ سر کھینچتا ہے جب میرا
شور اک آسماں سے اُٹھتا ہے
لڑتی ہے اس کی چشمِ شوخ جہاں
ایک آشوب واں سے اُٹھتا ہے
بیٹھنے کون دے ہے پھر اس کو
جو ترے آستاں سے اُٹھتا ہے

سوال 4۔ اصنافِ نظم کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟ نصاب میں شامل اصنافِ نظم کا تعارف کرائیں۔ (20)

سوال 5۔ (الف) میر انیس کی مرثیہ نگاری کے اوصاف بیان کریں؟ (10)

(ب) علم البیان میں تشبیہ، استعارہ، مجاز مرسل اور کنایہ کی وضاحت کریں۔ (10)